© rasailojaraid.com



اکرام الحق سرشار

# شہدائے ناموسِ حضرت خاتم النبیین محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے

(بہ سلسلہ تحریکِ مقدس تحفظِ ختمِ نبوت — ٦ مارچ ۱۹۵۳ء۔ لاہور)

یاد ہم تم کو شہیدانِ نبی کرتے ہیں ! ‏— ناز ہم تم پہ عزیزانِ نبی کرتے ہیں
بے گماں خونِ شہیدانِ نبی کے چھینٹے ‏— چشمِ عالم میں فزوں شانِ نبی کرتے ہیں
سرِ کفن کفر کے باطل کے مقابل ہونگے ‏— عہد و پیمان ثنا خوانِ نبی کرتے ہیں
اپنے نزدیک تو ہیں قابلِ شمشیر و سناں ‏— جو بھی توہینِ رفیقانِ نبی کرتے ہیں
اے بخاری! تیری عظمت تیری غیرت کی قسم ‏— عہد تقلیدِ شہیدانِ نبی کرتے ہیں
مشکبو کرتے ہیں کانٹوں کو اگر ہم تو فقط ‏— بہرِ تزئینِ گلستانِ نبی کرتے ہیں
کسی کذاب و مفتن نے اگر دعویٰ کیا ! ‏— جان قربان غلامانِ نبی کرتے ہیں

کارواں سیدِ یثرب کا چلے گا ہر سُو
یہ صدا آج حُدی خوانِ نبی کرتے ہیں !

© rasailojaraid.com